نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے سینٹر آف ایکسی لینس فار اولیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ (CEFORT) کا افتتاح کر دیا۔

لاہور: 24 مئی 2024: وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے چکوال کا دورہ کیا جسکے دوران انہوں نے سینٹر آف ایکسی لینس فار اولیو ریسرچ اینڈ ٹریننگ کا افتتاح کردیا۔اس ادارہ کا مقصد زیتون پر تحقیق اور متعلقہ کاشتکاروں کو ٹریننگ دینا ہے۔اس ادارہ کے تحت اس خطہ کے حوالے سے مطابقت رکھنے والی زیتون کی اقسام متعارف کروائی جارہی ہیں۔اس دورہ کے دوران وزیر زراعت پنجاب نے کہا کہ محکمہ زراعت پنجاب کا یہ ادارہ بارانی علاقوں کے لئے فصلوں کی نئی اور جدید زرعی ٹیکنالوجی کو متعارف کروانے کے لئے تحقیقی کام کر رہا ہے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ اس ادارہ کو بارانی علاقوں کے مسائل کے مطابق تحقیقی کام کرمرتب کرنا چاہیے۔اس وقت بارانی علاقوں خصوصاً خطہ پوٹھوار میں پھلوں، سبزیوں اور دیگر ہائی ویلیو کراپس پر تحقیق کرنے کی ضرورت ہے تاکہ منافع بخش کاشتکاری کو فروغ دیا جاسکے۔اس خطے کی قسمت بدلنے کے لئے زرعی تحقیق اور ترقی انتہائی ضروری ہے۔ڈاکٹر رمضان انصر پروجیکٹ ڈائریکٹر ادارہ برائے زیتون تحقیق اور ٹریننگ چکوال نے بتایا کہ کاشتکاروں کو زیتون کی برداشت اور اس سے تیار ہونے والی مختلف مصنوعات کی تیاری کی تربیت بھی دی جارہی ہے۔کاشتکاروں کو سبسڈی پر زیتون کے تیل کی کشید گی کی سہولت دینے کے لیے پلانٹ لگایا گیا ہے۔ہر سال پنجاب بھر سے کاشتکار یہاں سے زیتون کے کشیدگی کرواکے دیتے ہیں۔اس موقع پر وزیر زراعت پنجاب نے زیتون سے تیار شدہ مصنوعات کے سٹالز کا بھی دورہ کیا۔وزیر زراعت پنجاب نے ادارہ کی لیبارٹریز اور کشید کرنیوالے پلانٹ کا بھی معائنہ کیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ ادارہ برائے زیتون تحقیق اور ٹریننگ چکوال کا کام قابل تحسین ہے۔ ڈائریکٹر جنرل زرعی تحقیق ڈاکٹر ساجد الرحمان، سید شاہد افتخار بخاری ڈائریکٹر زراعت توسیع راولپنڈی ڈویژن، ڈاکٹر انجم علی بٹر پروجیکٹ ڈائریکٹر محکمہ زراعت پنجاب بھی اس موقع پر موجود تھے۔بعد ازاں وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کا دورہ کیا۔اس موقع پر بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال کے ڈائریکٹر محمد اشرف سمرا نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ بارانی زرعی تحقیقاتی ادارہ چکوال ہائی ویلیو کراپس خصوصاً مختلف روایتی پھلوں کو متعارف کروانے کے لئے کام کر رہا ہے۔ان پھلوں میں بلیک بیری، ایووکیڈو، نیکٹرین، پستہ وغیرہ شامل ہیں۔ادارہ کی طرف سے ان مختلف پھلوں کے پودے بھی کاشت کئے جارہے ہیں

☆☆☆☆